Saeeda Khatoon
Chairperson,
Ali Enterprise Factory Fire Affectees' Association

Mr Didier Reynders
Commissioner for Justice

Mr Thierry Breton
Commissioner for Internal Market

European Commission

Karachi, 6th July 2021

RE: Proposed Sustainable Corporate Governance Directive

Dear Commissioners,

I am writing to you concerning the Sustainable Corporate Governance directive that you are developing.

I write to you on behalf of the families affected by the 2012 Ali Enterprises garment factory fire in Karachi, Pakistan. Our association, representing the families of the deceased and the survivors, respectfully calls on you to ensure that the law will include access to justice for victims.

The Ali Enterprisesfactory was in its fifth year producing jeans for its main client, the German brand, KiK, *Kunde ist König* (Customer is King), when the fire broke out. 258 of our loved ones perished trying to escape, many of them teenagers.Ofthe hundreds of survivors many were also severely injured and left unable to work.Most of the deceased and survivors were breadwinners for their families,thus leavingover 200 families destitute, unable to work or cover the costs associated with their livelihood, their physical and their psychological suffering. In the factory there were no fire safety measures: no functioning emergency fire exists; no smoke or fire alarms; and no fire extinguishers. If there had been, the disaster would have been prevented.

Two weeks before the Ali Enterprise fire occurred the factory was also certified by a 'social audit' by an Italian auditing company, RINA Services.

In Pakistan, we brought judicial cases against both the Sindh State government and the factory owners for their dereliction of duty and their negligence, as we hold them responsible. Those cases brought only meagre financial relief for the victims' families.

We also tried to hold KiK and RINA legally responsible for the fire. Immediately after the fire KiK donated $1 million in charity to the victims. In March 2015 we filed a complaint against KiK in a German court in order to seek additional compensation for the victims'

families, as the charity amount was woefully insufficient to deal with the degree of damage and suffering caused to that many people. In January 2019 the case was dismissed by the German court for not meeting the time requirement and was not allowed to appeal. A criminal investigation into RINA Services in Italy was also discontinued.

In September 2016, KiK finally agreed to an additional charity compensation of circa $5 million to the victims, the result of an intense and tiring international campaign.

In our struggle for justice we have sought some relief in the idea that the death of our loved ones - martyrs - has not been without meaning. We have worked to make sure wrongs are corrected for others not only in Pakistan but all over. Our 'case' was often used as justification for the German supply chain law that was recently passed. **However, unlike stronger first drafts of the law, the law that was passed does not provide new legal rights of compensation to victims.After almost a decade of struggle this development is incredibly hurtful and disappointing, even more so because we have been told international law supports this.**

We have been told that you have the power to fix this situation. If not now, then when? In your countries the right to justice for victims is taken for granted. Please deliver us this courtesy as your companies extract profits from the factories where our families work under very cheap – that means unhealthy and dangerous – conditions.

May God bless you with the open heart and courage to improve this situation for the ones who are most harmed and vulnerable.

May Peace be Upon You,

Saeeda Khatoon

Chairperson
Ali Enterprise Factory Fire Affecttees Association (AEFFAA)

بخدمت جناب دیدئر ریندرس
کمیشنر برائے انصاف

بخدمت جناب تھاایری بریٹن
کمیشنر برائے انٹرنل مارکیٹ

یورپین کمیشن

کراچی، بروز منگل ٦ جولائی، ٢٠٢١

معزز کمشنر صاحبان!

میں آپ کو سسٹین ایبل کارپوریٹ گورننس ہدایت نامہ کے متعلق لکھ رہی ہوں جس پر آپ لوگ کام کر رہے ہیں—

میں آپ سے ان تمام لواحقین کی طرف سے مخاطب ہوں جنہوں نے ٢٠١٢ میں سانحہ بلدیہ ٹاؤن کراچی میں علی انٹرپرائز میں لگنے والی آگ کی وجہ سے اپنے خاندان کے لوگوں کو کھویا— ہماری ایسوسی ایشن، جو تمام لواحقین کی نمائندہ ہے، آپ سے اس بات کی درخواست کرتی ہے کہ نئی قانون سازی تمام متاثرین کے لئے انصاف کو یقینی بنائے۔

جب یہ سانحہ رونما ہوا اس وقت تک علی انٹرپرائز پانچ برسوں سے اپنے مرکزی کلائنٹ جرمن برانڈ KIK کے لئے جینز بنا رہی تھی— ہمارے دو سو اٹھاون (٢٥٨) پیارے ہم سے جدا ہو گئے، جن میں سے ایک بڑی تعداد نوعمر جوانوں کی تھی— سینکڑوں لوگ زخمی اور ہمیشہ کے لئے معذور ہو گئے— زیادہ تر لوگ اپنے گھر کے واحد کفیل تھے اور ان کی ناگہانی موت کی وجہ سے سینکڑوں خاندوانوں کے ہزاروں لوگ بے یارو مددگار ہو گئے اور جسمانی اور ذہنی قرب کا شکار ہوئے۔

فیکٹری میں کسی بھی قسم کے حادثے سے نمٹنے کے لئے کوئی بھی ہیلتھ اور سیفٹی کے انتظامات نہیں تھے— کوئی ایمرجنسی دروازہ نہیں تھا، کوئی الارم نہیں تھا اور نہ ہی آگ بجھانے کا کوئی انتظام تھا— اگر یہ سب انتظامات ہوتے تو جانی نقصان یقیناً اس قدر نہ ہوتا۔

حیرت انگیز طور پر آگ لگنے سے صرف دو ہفتے پہلے ایک اٹالین آڈیٹنگ کمپنی، RINA نے فیکٹری کا سوشل آڈٹ بھی کیا تھا۔

ہم نے پاکستان میں سندھ حکومت اور فیکٹری کے مالکان کے خلاف عدالتی کاروائی کا آغاز بھی کیا جس کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکلا—

ہم نے جرمن برانڈ KIK اور اٹالین آڈیٹنگ کمپنی RINA کے خلاف بھی عدالتی کاروائی کی۔ سانحے کے کچھ عرصہ بعد KIK نے ایک ملین ڈولر کی خیراتی رقم لواحقین کو دی۔

مارچ ٢٠١٥ میں ہم نے جرمن عدالت میں KIK کے خلاف درخواست دی تاکہ لواحقین کو ان کا حق مل سکے کیونکہ خیراتی رقم لوگوں کے نقصان اور ذہنی قرب کے لئے انتہائی حقیر تھی۔ لیکن جنوری ٢٠١٩ میں جرمن کورٹ نے وقت زیادہ گزر جانے کی بنیاد پر کیس خارج کر دیا۔ اٹلی میں RINA کے خلاف مجرمانہ کیس بھی خارج کر دیا گیا۔

اس کے کچھ برس قبل، ٢٠١٦ میں ہماری انتھک محنت اور بین القوامی جدوجہد کے نتیجہ میں KIK نے تقریباً پانچ ملین ڈالر کی اضافی رقم لواحقین کے لئے دینے پر رضامندی ظاہر کر دی تھی۔

ہماری انصاف کے لئے اس طویل جدوجہد نے ہمیں یہ احساس دلایا کہ ہمارے شہیدوں کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا۔ ہماری ساری توجہ اس بات پر ہے کہ مجموعی طور پر مزدوروں کے لئے حالات بہتر بنائے جایئں نہ صرف پاکستان میں بلکہ پوری دنیا میں۔ حال ہی میں پاس ہونے والے جرمن سپلائی چین لاء کے بحث و مباحثے کے دوران اکثر ہمارے سانحے کو مثال کے طور پر پیش کیا گیا— لیکن یہ افسوسناک بات ہے کہ قانون کے ابتدائی ڈرافٹ بہت طاقتور ہونے کے باوجود جو قانون بلاخر پاس کیا گیا وہ لواحقین کو معاوضہ کا کوئی نیا قانونی حق نہیں دیتا۔ سالہاسال کی طویل اور دردناک جدوجہد کے بعد یہ نتیجہ بہت مایوس کن اور تکلیف دہ ہے۔ ہم یہ جانتے ہیں کہ بینلقوامی قوانین اس کے برعکس ہیں۔

ہمیں معلوم ہے کہ آپ صاحبان کے پاس اس معاملے پر نظر ثانی کرنے اور ترمیم کرنے کا اختیار ہے۔ اگر آپ ابھی ایسا نہیں کریں گے تو کب کریں گے؟

آپ کے ممالک میں لواحقین کے لئے حق کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ آپ کا یہ فرض ہے کہ آپ ہماری آواز سنیں کیونکہ آپ کے ممالک کی کمپنیاں ان فیکٹریوں سے منافع کماتی ہیں ہیں جہاں ہمارے بچے اور بزرگ خطرناک اور مضر صحت حالات میں کام کرتے ہیں۔

میری دعا ہے کہ خدا آپ کے دلوں میں رحم ڈالے اور آپ ہماری فریاد سن سکیں۔

دعا گو

سعیدہ خاتون

چیئرپرسن

علی انٹرپرائز فیکٹری فائر متاثرین ایسوسی ایشن